سوال

(186) روزہ کی حالت میں بالوں کو مہندی لگانا یا آنکھوں میں سرمہ لگانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میاں چنوں سے حمود الرحمن دریافت کرتے ہیں کہ روزہ کی حالت میں بالوں کو مہندی لگانا یا آنکھوں میں سرمہ لگانا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

روزہ کے دوران بالوں کو مہندی لگانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا اور نہ آنکھوں میں سرمہ یا دوائی ڈالنے سے روزہ خراب ہوتا ہے اور نہ ہی روزے کو کوئی نقصان پہنچتا ہے سرمہ کی اجازت کے متعلق جو مرفوع حدیث بیان کی جاتی ہے وہ ایک راوی (ابو عاتکہ) کی وجہ سے ضعیف ہے البتہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دوران روزہ سرمہ لگانے کا عمل صحیح سند سے ثابت ہے، (ابوداؤد۔کتاب الصیام)

اسی طرح طبرانی اوسط میں حضرت بریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور شعیب الایمان میں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سرمہ کے استعمال کے متعلق احادیث مروی ہیں۔ (واللہ اعلم)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاوی اصحاب الحدیث

جلد:1 صفحہ:213